© rasailojaraid.com

# تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین)

دمشق کے معروف اہل علم میں الدکتور/ شوقی ابو خلیل کو ایک روشن خیال اسلامی مفکر اور دانشور کا درجہ حاصل ہے۔ جنہوں نے متعدد مدارس معاہد اور جامعات میں تدریس کے فرائض انجام دینے کے ساتھ ساتھ صحافت اور شعر وادب سے خاص تعلق رکھا۔ اب تک ان کی اڑھائی سو سے زاید کتب شائع ہو چکی ہیں۔ انہوں نے اسلامی موضوعات پر بھی لکھا ہے اور بچوں کے ادب کے تو وہ ماہر سمجھے جاتے ہیں۔ بچوں کے لئے انہوں نے ڈیڑھ سو کتابیں لکھی ہیں۔

وہ دار الفکر دمشق کے مدیر النشر ہیں۔ استاذ شوقی ابو خلیل نے حسب ذیل تحائف عنایت کئے ہیں۔ سفر شام میں ان سے دار الفکر میں ملاقاتوں کا شرف حاصل ہوا۔ اور انہوں نے ایک پر تکلف عصرانہ کا اہتمام کیا۔ جناب شوقی ابو خلیل نے اپنے اوپر لکھے جانے والے مقالات پر مشتمل کتاب علماء مکرمون: شوقی ابو خلیل بحوث ومقالات مہداۃ الیہٗ عنایت کی۔

استاذ نزار اباضہ نے شوقی ابو خلیل کا مختصر تعارف لکھا ہے جبکہ دار الفکر نے انہیں طویل ادبی خدمات پر خصوصی میڈل دیا ہے اور ان کے اعزاز میں ادبی ریفرنس کا اہتمام کیا ہے۔

جامعہ دمشق کے کلیۃ الشریعہ کے اسسٹنٹ ڈین ڈاکٹر بدیع السید اللحام نے ایک گرانقد تحفہ عنایت کیا ہے۔ یہ تحفہ الایضاح فی علوم الحدیث والاصطلاح ہے جو پروفیسر ڈاکٹر مصطفیٰ سعید الخن سابق رئیس قسم العقائد والادیان جامع دمشق اور ڈاکٹر بدیع السید اللحام کی مشترکہ تالیف ہے۔ ۳۶۷ صفحات پر مشتمل یہ کتاب اپنے موضوع پر نہایت عمدہ تحقیق ہے۔

اللہ رب العزت ہمارے جملہ کرم فرماوں کو اپنی نعمتوں سے مزید سرفراز فرمائے (آمین)

© rasailojaraid.com